شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے' ماڈل ٹاؤن لاہور' فون: 042-35869501' ای میل: media@tanzeem.org

12 مئی 2023ء

# پریس ریلیز

## سیاست دان اور ریاستی ادارے قوم پر رحم کریں۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور (پ ر):** سیاست دان اور ریاستی ادارے قوم پر رحم کریں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ پوری قوم اضطراب اور ہیجانی کیفیت میں مبتلا ہے۔ لیکن قومی رہنما انا پرستی اور ضد کی بنا پر آنکھیں کھولنے کو تیار نہیں۔ مہنگائی سے قوم جسمانی کے علاوہ ذہنی مریض بنتی چلی جارہی ہے اور سیاست دان ایک دوسرے کے خلاف کیچڑ اچھالنے کے سوا کچھ کرنے کو تیار نہیں۔ پاکستان اس وقت معاشی لحاظ سے ایشیا کا بدترین ملک بن چکا ہے سیاسی عدم استحکام کسی صورت ختم ہوتا نظر نہیں آرہا۔ اپنے ہوش کے ناخن لینے کا مشورہ دے رہے ہیں اور بیگانے ہماری سلامتی کو تار تار کرنے کے لیے تاک میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے احاطے سے گرفتار کرنے کا جو طریقہ اختیار کیا گیا اُسے سپریم کورٹ غیر قانونی قرار دے چکی ہے۔ دوسری طرف یہ بھی حقیقت ہے کہ کوئی شخص چاہے وہ ملک کی ایک بڑی جماعت کا لیڈر ہی کیوں نہ ہو قانون سے بالاتر نہیں ہوتا۔ ملک کے کسی شہری کی گرفتاری اگر حکومت، انتظامیہ یا دوسرے قانون نافذ کرنے والے ادارے کو مطلوب ہے تو آئین اور قانون کے دائرے کے اندر رہتے ہوئے ہونی چاہیے اور اُس شہری کا بھی فرض ہے کہ وہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کرے اور اپنا معاملہ عدالت کے سپرد کردے۔ اُنہوں نے عمران خان کی گرفتاری پر پی ٹی آئی کے کارکنان کی طرف سے پر تشدد احتجاج اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی تحریک کے رہنماؤں کی یہ بنیادی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ اپنے کارکنان کو نظم کا پابند بنائیں اور اُن کی ایسی تربیت کی جائے کہ وہ ہر حالت میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں اور تخریبی کاروائیوں سے گریز کریں۔ پھر یہ کہ ماضی کی طرح ایک جماعت پر حکمرانوں کا کریک ڈاؤن اور چادر اور چار دیواری کا پامال کرنا انتہائی تشویش ناک ہے جس کا کسی صورت ارتکاب نہیں ہونا چاہیے۔ اُنہوں نے کہا کہ اگرچہ ہر شہری کو ریاستی اداروں کا احترام کرنا چاہیے لیکن ریاستی اداروں کا بھی فرض ہے کہ وہ اپنی آئینی اور قانونی حدود میں رہیں اور دوسروں کے کام میں مداخلت نہ کریں۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت، اپوزیشن اور مقتدر حلقوں کو سپریم کورٹ کی اس تلقین پر غور کرنا چاہیے کہ آئین کی پاسداری اور ملکی سلامتی کو یقینی بنانا سب کی ذمہ داری ہے اور فریقین مل بیٹھ کر سیاسی معاملات کا حل تلاش کریں۔ پی ٹی آئی اور پی ڈی ایم مذاکرات کو بحال کریں تاکہ آئین کے مطابق انتخابات کے لیے لائحہ عمل طے کیا جاسکے تاکہ ملک میں سیاسی انتشار ختم کیا جاسکے۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

بانیٔ تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ
امیرِ تنظیم: شجاع الدین شیخ

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: Friday 12 May 2023**

## The politicians and state institutions must stop testing the nation.

**Lahore (PR): "The politicians and state institutions must stop testing the nation."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that the nation is in a state of torment and frenzy, but the leaders of the nation are unwilling to let go of their arrogance and egos. While the nation is being marred psychologically as well as physically due to the rampant inflation, the politicians are doing nothing other than slinging mud on each other. Pakistan has become the worst performing economy of Asia and there seems to be no end in sight of the political turmoil. Our friends are advising us to be sensible, while our enemies are scheming to harm the national security of the country. The Ameer said that the method used by NAB to arrest the PTI Chairman from the premises of Islamabad High Court has been declared unlawful by the Supreme Court of Pakistan. The fact of the matter is that no citizen of the country, even if he is the leader of a big political party, is above the law. If the arrest of a citizen of the country is deemed necessary by the government, executive and law enforcement agencies, then it must occur within the confines of the constitution and law and it is the obligation of that citizen to comply with the lawful process of the law enforcement agencies and contest the matter in the courts. While condemning the violent protest by the PTI workers in response to the arrest of Imran Khan, in which state property was damaged, the Ameer said that it is the responsibility of the top leadership of any movement to organize the rank and file in a disciplined manner and educate and train them in such a fashion that they maintain patience and avoid disruptive and destructive activities. He commented that the government crackdown on one political party, like in the past, with violation of their private space during the process, is a matter of grave concern. He said that it is the responsibility of every citizen to respect all state institutions and the state institutions must also act according to the constitution and the law and avoid interfering in the matters of others. He said that the government, opposition and establishment must also reflect on the advice of the Supreme Court of Pakistan that it is the duty of one and all to abide by the constitution and ensure the national security of the country, and that all stakeholders must negotiate to resolve political issues. The Ameer said that PTI and PDM must resume negotiations so that a framework to hold elections according to the constitution is agreed and the country is saved from further political instability.

**Issued by:**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**